کتابخانه جامع
جامعة العلوم
معاونت پژوهش
مرکز جهانی علوم اسلامی

مرکز جهانی علوم اسلامی
جمهوری اسلامی ایران - قم - ۱۳۵۸

مدرسه عالی فقه و معارف اسلامی

ترجمه کتاب «اندیشه سیاسی آیة الله استاد مطهری»

به زبان اردو

برای دریافت درجه کارشناسی ارشد

در رشته فقه و معارف اسلامی

نگارش: عون علی کریمی

استاد راهنما: حجة الاسلام والمسلمین سید احتشام عباس زیدی

استاد مشاور: حجة الاسلام و المسلمین دکتر نجف لک زائی

بهمن ۱۳۸۴

▣ مسئولیت مطالب مندرج در این پایان نامه ، به عهدهٔ نویسنده می باشد.

▣ هرگونه استفاده از این پایان نامه با ذکر منبع ، بلااشکال است و نشر آن در داخل کشور منوط به اخذ مجوز از مرکز جهانی علوم اسلامی است.

کتابخانه جامع مرکز جهانی علوم اسلامی
شماره ثبت: ۱۳
تاریخ ثبت:

بسم الله الرحمن الرحیم

تقدیر وتشکر

من لم یشکر المخلوق لم یشکر الخالق

بنده حقیر از همهٔ فضلاء وعلماء واساتید ی که اینجانب در امر ترجمهٔ این کتاب یاری فرمودند تقدیر وتشکر می نمایم.

بالاخص از استاد گرانقدر راهنما حجة الاسلام والمسلمین آقای سید احتشام عباس زیدی(زید عزه)واستاد محترم مشاور حجة الاسلام والمسلمین آقای نجف لك زائی وهم چنین استاد محترم داور حجة الاسلام والمسلمین آقائی .... و هم چنین لازم می دانم از حجة السلام والمسلمین آقای سید نصرت جعفری که با ما همکاری کردند وخیلی زحمت کشیدند وبنده از زحمات شان نهایت قدر دانی وتشکر می کنم واز همه بیشتر مسؤلین محترم مرکز جهانی علوم اسلامی قددانی وتقدیر وتشکر می نمایم که این برنامهٔ پایان نامه را اجراء فرمودند وقلم به دست طلاب ارجمند قرار داده اند .بنده باین باور واعتقاد قسم که طلاب محترم تاآخر عمر حیات ، تلاش وتحقیق رابطور احسن انجام خواهند داد.واز خداوند متعال توفیق فراوانی برای طلاب اضاضیل ومسؤلین محترم خواستارم . وهرچه کبمودی درامر ترجمه دیده می شود از کوتاهی اینجانب خصوصاً در تدوین پایان نامه وزبان تحریری که یقیناً احتیاج به ورایشی دارد. لذا از اساتید محترم پوزش می طلبم که کم وکاستی اینجانب را دردامن عفو و درگزر قرار دهند.

وباردیگر از ذات باری تعالی خواستارم که همه اساتید مارا از شر اشرار محفوظ ومصون بدارد وطول عمر وتوفیقات شان را بیفزاید.

انتساب

☆ بندہ حقیر اس ادنیٰ کوشش کو

☆ حضرت امیر المؤمنین

☆ مولی الموحدین

☆ امام المتقین

☆ وصی خاتم المرسلین

☆ علی بن ابی طالب علیہ السلام

☆ وسیدۂ نساء العالمین

☆ بضعۂ رسول حضرت فاطمہ زہراء علیہا السلام

☆ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

امید ہے کہ ان کے صدقہ میں بندہ عاصی اور میرے والدین مرحومین کو روز جزاء شفاعت شفیعۂ محشر نصیب ہوگی۔

چکیدهٔ مطالب

این کتاب (اندیشه سیاسی) شهید مطهری مشتمل بر یك مقدمه وپنج مقاله است. بااین انگیزه که پاسخ بعضی از مسائل وپرسش های پائدار عرصه تفکر سیاسی وزندگی اجتماعی انسان را ازنظر آیة اللّه شهید مطهری که از صاحبان فکر واندیشه ومسلط برآموزهای دینی واسلامی بوده است با همدلی وهمراهی جمعی از صاحبان فکر واهل قلم ارائه شده است

. این مجموعه گرچه شامل چندین مقاله است. اما سعی شده است که تاهر مقاله بخشی از یك طرح وچارچوب کلی را پوشش دهد. روابط فرد وجامعه، نظام سیاسی، روابط جامعه ونظام سیاسی ومبداء وغایت نظام اجتماعی وسیاسی از مهمترین ارکان این طرح است.

درمقاله اول: مؤلف ضمن نقد وبررسی پاسخ های مختلفی که پرسش (چیستی وهستی جامعه) "ورابطه انسان وجامعه" داده به ارائه پاسخ استاد شهید مطهری به پرسش مذبور پرداخته است.

به نظر آقای پارسانیا هرچند دلیل عقلی یاتجربی که علامه طباطبائی وشاگرد گرانقدرش استاد شهید مطهری بروجودی جامعه اقامه کرده اند، درمعرض اشکال است. اما آنچه راکه دربارهٔ امکان تحقق جامعه بیان کرده اند مصون از اشکال است. دلائل نقلی که بااستفاده از ظواهر آیات قرآن مجید اقامه شده است فی الجمله اصل وجود جامعه را اثبات می کند هرچند که این اثبات از حد ظهور آیات فراتر نمی رود ودرحکم نص نیست اما تازمانیکه برهان مستقلی در نفی وجود جامعه اقامه نشود دلیلی براعراض

ظواهر آیات قرآن نیست.

درمقاله دوم: که در واقع مشتمل بر سه مقاله است مفاهیم وپرسش های مربوط به " حق، عدالت ، برابری "توسط آقای حسین توسلی مورد بررسی قرار گرفته است. در مقاله سوم :پرسش از نظم سیاسی مطلوب که " حکومت اسلامی" است موضوع ومحور بعدی است که آقای محمد حسن قدردان قراملکی پس از فحص وبحث بسیاری به نتائج زیر دست یافته است:

۱ ـ آقای شهید مطهریؒ برخلاف سکولارها مدافع نظریه دو مساحتی بودن دین اسلام است یعنی معتقد هستند که علاوه برمسائل اُخروی ، مسائل دنیوی نیز مورد توجه اسلام بوده است.

۲ ـ آقای شهید مطهریؒ برای حکومت اسلامی مبتنی بر ولایت فقیه دو رکن قائل هستند: نظریه خاص شهید مطهریؒ درباب حقوق فطری وطبیعی وحق انتخاب مبنائی رکن مردمی حکومت است.

۳ـ شهید مطهریؒ میان نظام سیاسی مبتنی برولایت فقیه از ادله عقلی ونقلی استفاده کرده است .

٤ ـ شهید مطهریؒ میان نظام سیاسی مبتنی بر ولایت فقیه ودموکراسی ناسازگاری نمی بیند. آقای میراحمدی بااستفاده از چارچوب مك کالوم به بررسی اقسام وانواع آزادی از دیدگاه استاد پرداخته است در دیدگاه مذکوره که مبتنی بر تحلیل مفهوم آزادی است در هرنوع تعریف از آزادی سه عنصر قابل رد یابی است:

(۱) فاعل یاعامل (۲) مانع یاراد ع (۳) هدف یاغایت

دراین مقاله "فرد" به عنوانی عامل یافاعل آزادی ،" طبیعت وسلطه آن بر انسان ""سنت ها وقوانین موجود درجامعه"" انسانهای دیگر وسلطهٔ آنان برانسان"" هواهای نفسانی فرد ودین واعتقادات فردی" به عنوان موانع آزادی "وتکلیف ""وتکامل ""، تعالی" "وسعادت "، به عنوان اهداف آزادی از دیدگاه شهید مطهری مورد بررسی قرار گرفته است.

آخرین مقاله که خود مال استاد مشاور آقای نجف لك زائی می باشد به موضوع "انقلاب وتحوّلات اجتماعی" پرداخته است. به نظرمی رسد که مطالعه وبررسی پدیدهٔ تغییر وتحوّل وجهات تکامل وارتجاع آن ونیز سرعت آن از نظر شدت وضعف ومیزان تداوم آن وهمین طور علل وعوامل آن برای هرملّت وجامعه ای که می خواهد زنده وبالنده وبانشاط روبه پیش رفت باشد ضروری است.

لذا ضروری است هم باید مبداء حرکت وهم مقصد وپایان راه را شناخت، وهینطور هم محرك هاراوهم مسیر را باید شناسائی کنیم.

استاد شهید مطهری متفکری بود که هم انسان راشناخت. انسانی که متحرك این مسیر است. و هم محرك را. که دردرون خوداو قرار دارد. به درستی شناسائی کرد ودرنتیجه توانست دو مسیر تعالی وانحطاط وتکامل وارتجاع را شناسائی کندوبه دیگران نیز بشناساند.

عرض مترجم

اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ اب تک نہ تو میں نے کوئی کتاب تالیف کی ہے اور نہ ہی کسی کتاب کا ترجمہ کیا ہے۔ لہٰذا مورد نظر ترجمہ اگر کسی جہت سے قابل قبول بھی ہو تو یہ بھی میری سب سے پہلی سعی و کوشش ہے۔

کسی بھی زبان میں ترجمہ کرنا کس قدر مشکل ہے یہ تو مترجمین حضرات بخوبی جانتے ہیں۔ بہر حال میں نے زبان کی روانی باقی رکھتے ہوئے مصنف کی بات کو حدالمقدور ادا کرنے کی ہر ممکن کوشش کی ہے۔ اب ترجمہ جیسا بھی ہو مجھے پڑھنے والوں کے سامنے پیش کرنے میں خوشی محسوس ہو رہی ہے کیونکہ اس کے ذریعے میرے اندر خود اعتمادی پیدا ہوگی اور میرے مستقبل کے لئے یہ ایک گران بہا موتی کی مانند ہے۔

اور میری اس خوشی کا سہرا سب سے پہلے استاد محترم حجۃ الاسلام والمسلمین جناب سید احتشام عباس زیدی (زید عزہ) کے سر ہے جنہوں نے اس حقیر کی راھنمائی کی ذمہ داری قبول فرمائی۔

اسی طرح حجۃ الاسلام والمسلمین سید نصرت جعفری صاحب کا بھی نہایت ہی شکر گزار ہوں جنہوں نے میرے اس ترجمہ کو شروع سے آخر تک پڑھا اور تصحیح بھی فرمائی اور حسب ضرورت عبارت کو درست کرنے میں بھی میرا ساتھ دیا۔

اور آخر میں دعا ہے کہ خداوند عالم محمد و آل محمد علیہم السلام کے صدقے میں ہم سبھی لوگوں کو قلم کے ذریعے بھی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

والسلام

احقر العباد

عون علی کریمی

فہرست مطالب

۱۔قارئین کرام سے ایک بات...۱

۲۔مقدمہ محقق نجف لک زائی...۳

۱۔استاد مطہری کی نظر میں معاشرے کی اصل وحقیقت (حمید پارسانیا)

۱۔معاشرہ کسے کہتے ہیں...۱۲

۲۔چار نظریہ...۱۳

۳۔معاشرے کے وجود پر ایک ثبوت...۱۹

۴۔ثابت کرنے کا طریقہ...۲۱

۵۔علامہ طباطبائیؒ اور شہید مطہری کے مذکورہ مسئلہ پر روشنی...۲۳

۶۔معاشرہ کے وجود پر قرآنی شواہد...۲۷

۷۔معاشرہ کا اثبات اجتماعی خواص کے ذریعہ...۲۹

۸۔تنقید کے راستے...۳۱

۹۔استاد مصباح کی تنقید اور اعتراض...۳۳

۱۰۔پہلا اعتراض...۳۴

۱۱۔دوسرا اعتراض...۳۶

۱۲۔تیسرا اعتراض...۳۶

۱۳۔گزشتہ تین اعتراضوں کے بارے میں قضاوت...۳۷

۱۴۔اجتماعی اور انفرادی ’’تن‘‘ (انسانیت کے ارتباط کی تشبیہ نفس اور اس کے قوای کے ساتھ...۳۹

۱۵۔قرآنی شواہد پر تنقید.......................................۴۳
۱۶۔نقلی دلیلوں سے استفادہ کرنے کا طریقہ..........................۴۳
۱۷۔قرآنی شواہد کی تقسیم بندی......................................۴۵
۱۸۔پہلے اعتراض پر تحقیق..۴۷
۱۹۔آیاتوں کے ظہور کا اعتبار..۵۱
۲۰۔دوسرے اعتراضات پر تحقیق......................................۵۳
۲۱۔نتیجہ..۵۵
۲۲۔منابع..۵۷

۲۔استاد شہید مطہریؒ کی نظر میں (۱) حق (۲) عدالت (۳) مساوات (حسین توسلی)

۱۔مقدمہ..۶۰
۲۔حق (۱)..۶۲
۳۔حق کی تعریف...۶۳
۴۔فطری حقوق اور اخود ساختہ حقوق..................................۶۵
۵۔کیا آزادی اور مساوات و برابری حق ہے؟...........................۷۰
۶۔حق کی بنیاد اور اساس..۷۳
۷۔غائی اور فاعلی رابطے..۷۶
۸۔فطری حقوق کا مبناء اور اساس.....................................۸۰
۹۔انسان خداوند متعال پر کس قسم کا حق رکھتا ہے....................۸۷
۱۰۔حق اور احساس ذمہ داری میں چولی دامن کا ساتھ..................۹۱
۱۱۔حکمرانوں اور بزرگان دین کے لئے ضروری ہے وہ انسان حقوق کا اعتراف کریں.....۹۵

۱۲۔خدا کا حق مقدم ہے یا خدا کا؟........................ ۱۰۸
۲۔عدالت (۲)........................ ۱۱۸
۱۳۔معنوی ترقی میں اجتماعی عدالت کا کردار........................ ۱۲۱
۱۴۔عدالت انبیاءؑ کا ہدف........................ ۱۲۶
۱۵۔قرآن اسلام میں عدل کا منشا........................ ۱۲۸
۱۶۔مسلمانوں کا عدل سے منحرف ہونے کی وجہ........................ ۱۳۲
۱۷۔عدل کی قسمیں........................ ۱۳۳
۱۸۔عدل کا مفہوم........................ ۱۳۵
۱۹۔عدالت کی بنیاد........................ ۱۳۹
۲۰۔عدالت کا نفس الامر (اور واقعی) ہونا........................ ۱۴۲
۲۱۔اشاعرہ اور عدلیہ کے درمیان کشمکش........................ ۱۴۳
۲۲۔اجتماعی فلسفہ کی بنیاد عدالت........................ ۱۴۷
۲۳۔حق اور عدالت کا رابطہ........................ ۱۵۳
۲۴۔اجتماعی عدالت........................ ۱۵۵
۲۵۔ضامن عدالت ایمان اور معنویت........................ ۱۶۲
۳۔مساوات........................ ۱۶۷
۲۶۔عدالت اور مساوات........................ ۱۷۰
۲۷۔فطری فرق اور ناپسند برتری........................ ۱۷۱
۲۸۔مطلق مساوات نہ ہی ممکن ہے اور نہ ہی مطلوب........................ ۱۷۵
۲۹۔ابتدائی اور فطری مساوات کی توجیہ........................ ۱۷۸

۳۰۔دوبارہ تقسیم ۱۷۹
۳۱۔مساوات اور آزادی ۱۸۶
۳۲۔احسان اور ہمدردانہ کا تعاون ۱۸۹
۳۳۔خدا کی رزّاقیت میں دخالت کا شبہ ۱۹۱
۳۴۔منابع ۱۹۳

۳۔استاد مطہریؒ کا نظریہ ولایت فقیہ کے بارے میں (محمد حسن قدردان قراملکی)

۳۵۔مقدمہ ۱۹۵
۳۶۔اسلام میں حکومت ۱۹۶
۳۷۔حکومت عصر غیبت میں ۱۹۷
۳۸۔ولایت فقیہ کو کیسا ہونا چاہیے؟ ۱۹۸
۳۹۔ولایت فقیہ ولایت نظریاتی ۲۰۰
۴۰۔ولایت فقیہ کی بحث ۲۰۴
۴۱۔قیادت اور مرجعیت کے درمیان جدائی ۲۰۸
۴۲۔ولایت فقیہ کی مشروعیت کا منشأ ۲۱۱
۴۳۔استاد مطہریؒ کی نظریات کا بیان ۲۱۴
الف۔فقیہ کی حکومت کا سرپرستی ہونا ۲۱۶
ب۔قرائن اور شواہد شرعی الٰہی فقط ۲۱۸
ا۔مقبولہ عمر بن حنظلہ ۲۳۰
۲۔دستخط شریف ۲۳۱
۳۔ حکومت کا مقام مقدس اور الٰہی ہونے کے بارے میں ۲۳۱

۴۳۔عقلی دلیل..۲۳۲
۴۴۔ولایت فقیہ کے اختیارات..۲۳۴
۴۵۔عوامی حکومت کے ساتھ ولایت فقیہ کی قبولیت (موافقت)..۲۳۶
۴۶۔انتہائی اہمیت..۲۳۹
۴۷۔منابع..۲۴۲

۴۔استاد مطہری کی نظر میں آزادی (منصور میر احمدی)

۴۸۔مقدمہ..۲۴۴
۴۹۔استاد مطہریؒ کی نظر میں آزادی کے مبانی..۲۴۷
۱۔جبر واختیار..۲۴۹
۲۔فطرت..۲۵۲
۳۔عقل وارادہ اور تکامل انسان..۲۵۴
۴۔آزادی کی قسمیں..۲۵۹
۵۔انسان اور فطرت..۲۶۱
۶۔انسان اور سنتیں اور موجودہ قوانین..۲۶۲
۷۔انسان اور دوسرے انسان..۲۶۴
۸۔انسان اور اس کی ہوای نفسانی..۲۶۹
۹۔انسان اور دین اور اس کے اعتقادات..۲۷۱
۱۰۔خلاصہ..۲۷۷
۱۱۔منابع..۲۷۸

۵۔انقلاب اور اجتماعی تحولات استاد مطہریؒ کی نظر میں (نجف لک زائی)

۵۰۔مقدمہ.. ۲۷۹

۵۱۔مفاہیم کی بررسی اور تحقیق.............................. ۲۸۰

۵۲۔انقلابی نظریات اور اجتماعی تبدیلیاں........................ ۲۸۳

۵۳۔استاد مطہریؒ کی نظر میں ایران کی سیاسی اور اجتماعی تحولات........ ۳۰۱

۵۴۔نتیجہ.. ۳۰۷

۵۵۔فہرست.. ۳۱۳

۵۶۔آیات کی فہرست.. ۳۱۴

۵۷۔روایات کی فہرست....................................... ۳۲۰

۵۸۔اشعار کی فہرست.. ۳۲۳

۵۹۔معصومین علیہم السلام کے اسمائے گرامی کی فہرست............ ۳۲۴

۶۰۔علماء کی فہرست... ۳۲۵

۶۱۔علوم اور اس کے توابع کی فہرست............................ ۳۲۸

۶۲۔طائفہ، گروہ اور اجماعات کی فہرست.......................... ۳۲۹

۶۳۔کتب و مقالات اور مجلّات کی فہرست.......................... ۳۳۰

۶۴۔اصطلاحات و مفاہیم اور موضوعات کی فہرست.................. ۳۳۵

۶۵ منابع.. ۳۴۰

الف۔کتابیں.. [illegible]

ب۔مقالات.. ۳۴۳

قارئین کرام سے ایک بات

مواصلاتی ٹیکنالوجی کی حیرت انگیز ترقی کے آئینے میں انسانی علوم ومعارف کی روز بروز پیشرفت نے اس زمانہ کوایک علمی اور معلوماتی حقیقت کے قالب میں ڈھال دیا ہے لہذا اس دور کو ''اطلاعاتی ومعلوماتی دھماکہ کا دور'' کہنا بے جانہ ہوگا اس بات میں کوئی شک وشبہہ نہیں ہے کہ یہ معلومات تمام ثقافتوں اور تمدنوں کی مشترکہ میراث ہیں اور مختلف قومیں اس میراث سے فائدہ اٹھانے کے ساتھ ساتھ اس کی ترقی وخوشحالی میں معاون ہیں۔ اس میراث کے تکامل کا سلسلہ پوری انسانیت کوایک عالمی یکسوئی کی طرف دعوت دیتا ہے اوراس کی وجہ سے مختلف روایتی اور قومی تشخصات، مشکلات سے دوچار ہیں گویا اسکا مکمل ساتھ دینا اپنے قومی اور روایتی تشخص کوکھودینے کے مترادف ہے اور دوسری طرف اسے نظرانداز کرنا، زمانہ سے الگ تھلگ ہوجانے کا باعث ہے۔

لازمی طور پر کسی ثقافت وتمدن کی ترقی اور استحکام، ناکامی اور شکست کا دارومدار، اپنے زمانہ کے اندر رہتے ہوئے اپنے تشخص کی طرف توجہ مبذول کرنا ہے اس سلسلے میں اہمیت کی حامل یہ بات ہے کہ مختلف اقوام وملل اور مختلف تمدنوں میں ہمیشہ (اپنے تشخص اورزمانے کی طرف توجہ رکھنے والی) ایسی شخصیتیں موجود رہی ہیں، جنہوں نے فکری میدان میں قابل قدر خدمتیں انجام دی ہیں۔ انہوں نے اپنی روایتی وقومی جہات پر توجہ کے ساتھ ساتھ اپنے زمانہ کے تقاضوں سے بھی غفلت نہیں برتی ہے۔

استاد شہید مطہریؒ ان ہی مفکرین میں سے ایک ہیں جنہوں نے اسلام اور اسلامی روایات کی صحیح شناخت کی اور اسے الحادی اور انحرافی نظریات کے مقابلے میں پیش کیا ہے اور اپنے دینی تشخص کوخوش اسلوبی کے ساتھ پاسداری کرنے میں اچھی طرح کامیاب بھی

ہوئے۔

ہمارے خیال میں ان کی شہادت کے ۲۲ سال بعد ان کے افکار خصوصا اسلام کے سیاسی تفکر کے بارے میں ان کے نظریات کا نئے سرے سے مطالعہ، بڑی اہمیت کا حامل ہے۔

زیر نظر کتاب استاد شہید مطہریؒ کے ان سیاسی نظریات کے تجزیہ پر مشتمل ہے جنکا تعلق معاشرے کے وجود وحقیقت اور معاشرتی تبدیلیوں، حکومت اسلامی اور عصر غیبت میں فقہاء کی ولایت، عدالت اور آزادی جیسے مفاہیم کی حقیقت سے ہے۔

یہ کتاب اسلام کے سیاسی اندیشہ کے تحقیقاتی ادارے کے محترم محققین ، جناب حمید پارسانیا، حسین توسلی، محمد حسین قدر دان قراملکی، منصور میر احمدی اور جناب نجف لک زائی کی بے انتہا کوششوں کا نتیجہ ہے۔ اگر چہ ان تمام دوستوں کی زحمتیں، قابل تعریف ہیں لیکن اس مجموعے کو ترتیب دینے میں جناب لک زائی صاحب کی بے پناہ کوششوں کے ہم ممنون ہیں۔

آخر میں ہمیں توقع ہے کہ استاد شہید کے سیاسی افکار کا تعارف کرانے کے سلسلے میں ہماری یہ قلیل سی علمی خدمت، قارئین محترم کی اصلاحی تنقید اور ان کے قیمتی مشوروں سے منزل کمال تک رسائی حاصل کرے گی۔

مرکز مطالعات وتحقیقات اسلامی

اسلام کے سیاسی اندیشہ کی تجدید نظر (تفحص وجستجو)

مقدمہ

گذشتہ دانشوروں کے نظریات کا اس زمانہ میں کیا فائدہ ہے؟

دوسرے الفاظ میں جب ہم ماضی کے دانشوروں کے نظریات کا تجزیہ اور تحلیل کرتے ہیں یا ماضی کے دانشوروں کے آرراء وافکار کی تعریف وتوصیف کرتے ہیں تو اس سے ہماری مراد کیا ہے؟ اور اس سے ہم کیا ثابت کرنا چاہتے ہیں؟

کیا ہم ان کے نظریات کے تجزیہ وتحلیل کے ذریعہ اپنے زمانہ کی مشکلات، پیچیدگیوں اور بحران کو ختم کر سکتے ہیں؟

یا یہ کہ ہم فقط ان کے افکار پر روشنی ڈالنا چاہتے ہیں؟

یہ ایک واضح سی بات ہے کہ جب بھی ہم گذشتہ دانشوروں کے نظریات اور ان کے افکار کے بارے میں تحقیق کرتے ہیں تو یقینی طور پر فکر اور نظر کا تاریخچہ خود بخود واضح ہو جاتا ہے۔ پہلے کے دانشوروں کے نظریات اور ان کے نتائج میں موجودہ دور کی مشکلات کا حل تلاش کرنا اس بات پر موقوف ہے کہ ہم یہ مان لیں کہ گذشتہ دانشوروں کے نظریات سے آج کی مشکلات کا حل تلاش کر سکتے ہیں۔ اگر چہ یہ بات قابل غور ہے کہ گذشتہ دانشوروں کے نظریات میں دور حاضر کی مشکلات کا حل موجود ہے۔

خاص طور پر سیاسی زندگی..... جو اس تحریر میں ہمارے دانشوروں کی گفتگو کا محور بھی ہے۔ کیونکہ دور حاضر کی زندگی اور سیاسی حالات میں ہر لحہ تبدیلی ہوتی رہتی ہے، اسی بات کو مدنظر رکھتے ہوئے بعض لوگوں کا خیال ہے کہ وہ چیز جو گذشتہ دانشوروں کے لئے غور وفکر کا موجب بنی ہے اس کی دور حاضر میں کوئی حیثیت نہیں ہے۔ دور حاضر کے سوالات، اس زمانہ کے مطابق جواب کا تقاضا کرتے ہیں۔ لہذا گذشتہ زمانہ کے جوابات دور حاضر کے مسائل کا حل نہیں ہیں۔ اس نظریہ کے بعض دعویدار آج کی فکر کے ذریعہ قدیمی مکتب فکر کی اس طرح تصویر

کشی کرتے ہوئے یہاں تک کہہ جائے ہیں کہ ان کا آپس میں کسی قسم کا تعلق نہیں ہے۔اور وہ پرانی دنیا کو روایتی، قدیمی دنیا اور اس دور جدید کو نئی دنیا کا نام دیتے ہیں۔ یہ دونوں جہان اپنے اپنے دور کے خاص سوال و جواب رکھتے ہیں اور قدیم و جدید دونوں جہانوں کے مسائل ومشکلات جدا جدا ہیں۔

مفکرین کا دوسرا گروہ زندگی کے بارے میں خاص طور پر سیاسی زندگی کے بارے میں ہیشگی اور جاودانہ سوالات کا قائل ہے یہ لوگ متغیر حالات کو ہمیشہ ثابت رہنے والے حالات اور مسائل کی جانب لوٹا دیتے ہیں۔اس لحاظ سے ان دانشوروں کی نظر میں گذشتہ دانشوروں کے نظریات اور جوابات سے موجودہ دور حاضر کے بحرانی مشکلات کا حل ہوسکتا ہے۔

جناب محقق و دانشور ''گلن تنیدز'' کا شمار ان افراد میں ہوتا ہے۔جنہوں نے ان سوالات کو جمع کرنے کی کوشش کی ہے جن میں دوام پایا جاتا ہے۔یہی وجہ ہے کہ انہوں نے ان سوالات کے لئے لفظِ جاودانہ کی تعبیر استعمال کی ہے اور ہماری سیاسی زندگی میں پیش آنے والے ایسے سوالات ذکر کئے ہیں جو کسی زمانہ اور کسی خاص مکان سے مخصوص نہیں ہیں جبکہ اس کے مقابلہ میں جناب ''توماس اسپرکنیز'' سیاسی زندگی میں متغیر مسائلکے قائل ہیں۔

میری نظر میں تیسری صورت بھی ممکن ہے اور یہ قابل جمع بھی ہے کہ انسان کو سیاسی زندگی میں دو قسم کے مشکلات اور بحران کا سامنا کرنا پڑتا ہے ایک قسم کے مشکلات یہ ہیں کہ تشویش و دغدغہ ہمیشہ انسان کی زندگی سے وابستہ ہے، جسے ابدی و جاودانی تشویش کے نام سے یاد کرتے ہیں۔جس کا ذکر بعد میں آئے گا۔

دوسری قسم یہ ہے کہ مسائل انسان کی سیاسی زندگی میں ہمیشہ پیش نہیں آتے بلکہ کبھی کبھار سامنے آتے ہیں جیسے کہ ناگہانی واقعات وحوادث۔ہمیں کبھی کبھار ہی ان مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، ہمیشہ نہیں۔اسی طرح افراد کے حوالے سے، زمان و مکان کی صورت میں بھی

فرق پڑتا ہے ہوسکتا ہے کسی شخص کی نسبت قابل اعتراض ہو اور کسی دوسرے شخص کی نسبت قابل اعتراض نہ ہو۔

علامہ شہید مطہریؒ کی نظر میں وہ تشویش جوابدی اور دائمی ہے اور ہمیشہ معاشرے کو درپیش ہے چاہے وہ گذشتہ معاشرہ ہو، یا دور حاضر کا معاشرہ ہو یا آئندہ کا۔ بہرحال ہر زمانہ میں پیش آتی ہیں یہ اور بات ہے کہ زمانہ کے اعتبار سے ان کی کمیت اور کیفیت میں تبدیلی ہوتی رہتی ہے۔ وہ تشویش کچھ اس طرح ہیں:

۱۔ انسان کے وجود اور ماہیت کے بارے میں سوال۔

۲۔ اس عالم کے وجود اور ماہیت کے بارے میں سوال۔

۳۔ خالق و مالک کے وجود کے بارے میں سوال۔

۴۔ عدالت کے بارے میں سوال یعنی عدالت کی تعریف و حقیقت، عدالت اور اس کا معیار۔

۵۔ وہ سیاسی نظام و قانون جو معاشرہ میں قابل قبول ہو، اس کے بارے میں سوال۔

۶۔ سعادت و نیکی کے بارے میں سوال۔

۷۔ قدرت و طاقت کے بارے میں سوال۔

۸۔ آزادی سے کیا مراد ہے؟

۹۔ شناخت کے بارے میں سوال۔

۱۰۔ تاریخی عوامل کے بارے میں سوال۔

۱۱۔ حکومت کے بارے میں سوال۔

۱۲۔ قابل قدر اور لائق رہبروں کا معیارِ انتخاب کیا ہونا چاہئے؟

۱۳۔ صلح و امنیت اور جنگ و دفاع کے بارے میں سوال۔